امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کے لیے اعانت

صحت

امریکہ کی جانب سے پاکستان بھر میں عوام کی صحت میں بہتری کیلئے جدید صحت عامہ کے منصوبوں کیلئے فنڈز کی فراہمی

جب کوئی خاندان کسی مہلک بیماری سے متاثر ہوتا ہے یا کوئی عورت زچگی کے دوران تربیت یافتہ عملہ یا بنیادی ادویات کی کمی کی وجہ سے انتقال کر جاتی ہے تو اس کا مطلب ہے کہ صحت عامہ کے نظام میں مسائل موجود ہیں ۔معیاری صحت تک رسائی پاکستان میں بنیادی ضرورت ہے اسی لیے صحت کے شعبہ میں اعانت امریکہ کی اولین ترجیح ہے۔امریکہ صحت عامہ کے جدید منصوبوں کو شروع کرنے میں حکومت پاکستان کی اعانت کیلئے پرعزم ہے تاکہ پاکستان میں صحت عامہ کے نظام کو مستحکم کیا جا سکے ۔اسی طرح ہم پاکستانیوں کو صحت مند زندگی گزار کر اپنی صلاحیتوں سے بھرپور استفادہ کرنے میں بھی اعانت کر رہے ہیں۔

معیاری صحت عامہ کی سہولیات تک رسائی میں وسعت :

امریکی حکومت معیاری سہولیات صحت کی دستیابی بالخصوص ماں و بچے کی صحت کے شعبہ میں نجی و سرکاری شعبہ میں شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہا ہے ۔سابقہ کامیاب صحت عامہ کے منصوبوں کی روشنی میں کام کرتے ہوئے امریکہ نے ۳۸۷ملین ڈالر کی لاگت سے پانچ سالہ ماں و بچہ صحت پروگرام کا آغاز کیا تاکہ سرکاری و نجی شعبہ میں شراکت داری کے ذریعے زندگیاں بچانے کی بنیادی خدمات کو وسیع کیا جائے۔حکومت پاکستان کی درخواست پر امریکہ وفاقی ،صوبائی اور ضلعی سطح پر محکمہ صحت کی منصوبہ سازی ، بجٹ اور صحت عامہ کی سہولیات کی فراہمی میں مدد کرتا ہے۔

ہم اہم طبی ساز و سامان کی خریداری و تقسیم ،طبی عملہ کی تربیت اور زندگیاں بچانے کے حوالے سے منتظمین کی خدمات کے بہتر انتظام میں مدد کرتے ہیں جس کے نتیجہ میں پاکستانی طبی ماہرین اور منتظمین اس قابل ہو چکے ہیں کہ وہ صحیح وقت پر صحیح مریضوں کو صحیح سہولت فراہم کر سکیں۔

ماں بچے کی بہتر صحت کیلئے اقدامات

کلیدی منصوبے:

- صحت کی معیاری سہولیات تک رسائی میں اضافہ دیکھ بھال کیلئے
- صحت کی سہولیات اور ہسپتالوں کی تعمیر
- میڈیکل سکول ٹریننگ اسٹی ٹیوٹ کا قیام

امریکی حکومت کی جانب سے پاکستان کے لیے اعانت

اسپتال اور صحت عامہ کے مراکز کی تعمیر:

امریکہ نے معیاری صحت تک رسائی میں بہتری کیلئے بالخصوص دور افتادہ علاقوں فاٹا، خیبر پختونخوا، آزاد جموں و کشمیر اور پاکستان کے دیگر حصوں میں متعدد مراکز صحت کی تعمیر نو اور تزئین و آرائش کی اور طبی ساز و سامان فراہم کیا ہے۔ ۲۰۱۲ء میں امریکہ نے کراچی میں پینتالیس لاکھ ڈالر کی مالیت سے جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر کی تعمیر مکمل کی۔ یہ ۶۰ بستروں پر مشتمل اسپتال بلوچستان اور سندھ کی غریب گھرانوں سے تعلق رکھنے والی خواتین کو نہ صرف سرجری اور علاج بلکہ زچہ و بچہ امراض کے دوران علاج کی سہولیات فراہم کرے گا۔ ہر سال لگ بھگ ۱۵۰۰۰ خواتین کو زندگی بچانے اور علاج کی سہولیات میسر آئیں گی۔

امریکہ شمالی سندھ اور مشرقی بلوچستان میں دس لاکھ سے زائد پاکستانیوں کو بہتر علاج معالجہ کی خدمات کی فراہمی کیلئے جیکب آباد میں ۱۰ ملین ڈالر کی لاگت سے ۱۳۳ بستروں پر مشتمل سرکاری ہسپتال تعمیر کر رہا ہے۔ اسپتال کو بجلی کی فراہمی شمسی توانائی اور سٹینڈ بائی جنریٹر کے ذریعے کی گئی ہے تاکہ ڈاکٹر، نرسیں اور دیگر طبی عملہ زندگیاں بچانے کے حوالے سے کام بلا تعطل جاری رکھ سکیں۔

امریکہ کی جانب سے کراچی میں نو تعمیر شدہ ہسپتال

میڈیکل انسٹی ٹیوٹ اور تربیتی سکول کی تعمیر:

جناح میڈیکل سینٹر کی استعداد کار بڑھانے اور اس کو پاکستان بھر میں اعلی معیار کا طبی ادارہ بنانے کیلئے امریکہ نے نیا تربیتی ادارہ تعمیر کیا ہے۔ یہ ادارہ طبی شعبہ سے وابستہ اساتذہ کو موقع فراہم کریگا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں اور ۱۳۰۰ سے زائد طلبہ کو جدید تربیت فراہم کریں۔ ہر روز امریکہ اور پاکستان ملک کر پاکستانیوں کو صحت مند زندگی گزارنے میں مدد کیلئے مل جل کر کام کرتے ہیں۔ صحت کے شعبے میں اعانت ان بہت سے اقدامات میں سے ایک ہے جو امریکہ پاکستانیوں کے روشن مستقبل کیلئے اٹھا رہا ہے۔

۱۳۰۰ میڈیکل طلباء کیلئے جدید ترین تربیت

توانائی، تعلیم، معاشی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں امریکہ اور پاکستان کے ان اقدامات، جو پاکستانیوں کی زندگیوں میں مثبت اثرات مرتب کر رہے ہیں، کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ویب سائٹ ملاحظہ کریں http://transition.usaid.gov/pk یا ہمیں اس پتہ پر ای میل کریں uspakassistance@state.gov

31 مارچ 2013 تک کی معلومات